ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس۔ فون؛۔021-99212639

پریس ریلیز

کراچی25اگست 2019ء؛۔

آئی جی سندھ ڈاکٹر سید کلیم امام نے حضرت عبداللہ شاہ غازیؒ کے عرس کی تین روزہ تقریبات کے موقع پر بہترین اور عمدہ سیکیورٹی اقدامات پر کراچی پولیس کی مجموعی کارکردگی کو سراہتے ہوئے شاباش دی ہے۔

۔؛۔؛۔؛۔؛۔؛۔؛

ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس۔ فون؛۔021-99212639

محرم کے حوالے سے مرتب کردہ کنٹی جینسی پلان پر عمل درآمد کو یقینی بنایا جائے۔ آئی جی سندھ

کراچی 25 اگست 2019ء؛۔

آئی جی سندھ ڈاکٹر سید کلیم امام نے ہدایات جاری کی ہیں کہ محرم الحرام کے دوران منعقدہ مجالس کے مقامات، برآمد ہونیوالے ماتمی جلوسوں، مرکزی جلوس کی گذرگاہوں، مرکزی اجتماع گاہوں سمیت دیگر مقامات پر کنٹی جینسی/کمیونیکشن پلان کے تحت رینج، ڈسٹرکٹس اور زونز کے لحاظ سے پولیس کے مجموعی اموراور ذمہ داریوں اورقیام امن کے مجموعی اقدامات پرعمل درآمد کوانتہائی مستعداور متحرک رہتے ہوئے یقینی بنایا جائے تا کہ محرم الحرام کے دوران عوام کی جان ومال کے تحفظ جیسی ذمہ داریوں کو ہرسطح پر انتہائی مؤثر اورکامیاب بنایا جاسکے۔

انہوں نے کہا کہ جلوسوں، مجالس کے حوالے سے لائسنس کی تجدید

جلوس وں کے روٹس/گذرگاہوں کا سروے

مجالس اورجلوسوں کے اوقات آغازواختتام

دستیاب افرادی قوت کا استعمال

شرپسندوں کی کڑی نگرانی/شناخت

ماضی پیش آنیوالے ناخوشگوار واقعات وتجربات

متعلقہ امن کمیٹیوں سے اجلاس

تھانوں کی سطح پر امن کمیٹیوں کا قیام

تمام تر آلات واسلحہ سے لیس اینٹی رائٹس پلاٹونز کو تیار حالت میں رکھنے

آرمز اینڈ ایمیونیشنز/اینٹی رائٹس کٹس کے اسٹاک کا جائزہ

کنٹرول رومز کا قیام برائے مؤثر کمیونیکیشن

ضرورت پڑنے پر روٹس سے ملنے والی دیگر سڑکوں کو بند/سیلڈ کرنے کیلئے کنٹینرز کی دستیابی

دل آزار، مذہبی منافرت پر مشتمل وال چاکنگ کے انسداد اور پمفلٹس کی تقسیم کی روک تھام

لاؤڈاسپیکرز ایکٹ پر عمل درآمد

فورتھ شیڈول لسٹ پر قانون کیمطابق عمل درآمد جیسے قابل ذکر اقدامات پر دوران محرم عمل درآمد جیسے امور کو عین کنٹی جینسی پلان کے تحت وضع کردہ احکامات اورانکی ترجیحات کے مطابق یقینی بنایا جائے۔

آئی جی سندھ نے تمام ڈی آئی جیز وایس ایس پیز کوہدایات جاری کیں کہ متعلقہ ایس ایچ اوز کو باقاعدہ پابند کیا جائے کہ وہ اپنی اپنی نگرانی اورسپرویژن میں مختلف نوعیت کے جرائم/آرگنائزڈ کرائم کیخلاف جاری اقدامات/آپریشنز/چھاپہ مار کاروائیوں سمیت جرائم پیشہ گروہوں اوراُنکے سرپرستوں وکارندوں کیخلاف پولیس ایکشنز کو ہرسطح پر منظم، مربوط اورغیر معمولی بنائینگے۔

۔؛؛؛؛؛؛؛؛؛